اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ وَالثَّلَاثُوْنَ-33

1۔آیئے جملہ اسمیہ سکھتے ہیں اور اس میں "انواع الخبر" کی پہچان کریں۔

1)

- خبر مفرد:

هَٰذَا نَذِيرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْأُولَىٰ (النَّجْم:56)

مبتدا + خبر + جار مجرور متعلق خبر = جملہ اسمیہ

- مُبتدا "هَٰذَا" اسم اشارہ، مبنی ، محلاً مرفوع
- خبر مُفرد، "نَذِيرٌ" ، مُفرد ، نکرۃ ، مرفوع
- حرف جر "مِنْ" • اسم مجرور "النُّذُرِ الْأُولَىٰ" ،مُرکب توصیفی

"النُّذُرِ" موصوف جمع مکسر ،"الْأُولَىٰ" صفت واحد مؤنث

- "خبر مُفرد " نَذِيرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْأُولَىٰ۔ مُبتدا اوّل "هَٰذَا" کی خبر بن رہا ہے

2)

خبر جملہ فعلیہ:

اَللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (حج:69)

مبتدا + خبر جملہ فعلیہ = جملہ اسمیہ

- مُبتدا "اللّٰہ" ، اسم علم ، مرفوع
- خبر جُملہ فعلیہ ، "يَحْكُمُ" فعل مُضارع ،فاعل هُو ضمیر مُستَتِر رابط عائد لمبتدا
- " بَيْنَكُمْ" ، مفعُول اوّل ۔ مُرکب اضافی , بَيْنَ ۔ظرفِ مکان " مُضاف"منصُوب

كُمْ۔ضمیر مُتّصل مبنی ساکن، محلاً مجرُور

- يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، مفعُول ثانی ، مُرکب اضافی

يَوْمَ ،ظرفِ زمان ،مفعُول فیہ، منصُوب، مُضاف , الْقِيَامَةِ ، مُضاف الیہ ، مجرُور

فعل + فاعل +مفعُول اوّل+ مفعُول ثانی = جُملہ فعلیہ

- خبر "جملہ فعلیہ" يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" مُبتدا اوّل "اللّٰہ"کی خبر بن رہا ہے ۔

3) خبر جملہ اسمیہ:

أُولَٰئِكَ جَزَاؤُهُم مَّغْفِرَةٌ مِّن رَّبِّهِمْ (آل عمران:136)

مُبتدا + خبر جملہ اسمیہ = جُملہ اسمیہ

- مبتدا أُولَٰئِكَ ،اسم اشارہ ، مبنی، محلاً مرفوع۔
- خبر "جَزَاؤُهُمْ" مُبتدا ثانی مرفوع ،مُضاف ،
  هُمْ ضمیر بارز مُنفصل رابط عائد ،مبنی ،محلاً مجرور
- خبر مَغْفِرَةٌ ،لمُبتدا ثانی ،نکرہ ، اسم مُفرد ، مرفوع ،
- مُتعلق خبر ، مِنْ رَبِّهِمْ مِنْ: حرفِ جر ، "رَبِّ" مجرُور ، مرُکب جاری
  رَبِّهِمْ۔ "رَبِّ" مُضاف ،
  هِمْ"مضاف الیہ،ضمیر مُتّصل ،مبنی، محلاً مجرور
- مِنْ رَبِّهِمْ ، جار و مجرُور +مرُکب اضافی
- خبر "جملہ اسمیہ" "جَزَاؤُهُمْ مَغْفِرَةٌ مِنْ رَبِّهِمْ " ، مُبتدا اوّل"أُولَٰئِكَ"کی خبر بن رہا ہے

4) خبر جملہ اسمیہ:

فَأُولَٰئِكَ هُمُ ٱلْخَٰسِرُونَ (البقرۃ:121)

مبتدا + خبر جُملہ اسمیہ = جملہ اسمیہ

- مبتدا أُولَٰئِكَ ،اسم اشارہ ، مبنی، محلاً مرفوع۔
- خبر جملہ اسمیہ ، "هُمُ ٱلْخَٰسِرُونَ"
- هُمْ مُبتدا ثانی ، ضمیر مُنفصل رابط عائد ظاهر مبنی ، محلاً مرفوع۔
- ٱلْخَٰسِرُونَ ، خبر لمُبتدا ثانی، معرفہ ، جمع مُذکر سالم ،مرفُوع بالواوْ ،
  اعراب بالحروف
- خبر جملہ اسمیہ "هُمُ ٱلْخَٰسِرُونَ " مُبتدا اوّل"أُولَٰئِكَ"کی خبر بن رہا ہے

Dar uUmaan INSTITUTE

(5

وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (المائدة:76)

مبتدا + خبر جملہ اسمیہ= جملہ اسمیہ

- مُبتدا "اللّٰهُ" اسم علم ، معرفہ ،مرفوع ،
- خبر جملہ اسمیہ، "هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ"
- هُوَ مُبتدا ثانی ،ضمیر مرفوُع مُنفصل رابط عائد ظاھر مبنی ، محلاً مرفوع
- خبر لِمُبتدا ثانی "السَّمِيعُ الْعَلِيمُ" مُرکب توصیفی معرفۃ ،مرفوع ، موصوف السَّمِيعُ ،صفت الْعَلِيمُ
- خبر جملہ اسمیہ "هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ " مُبتدا اوّل"اللّٰهُ"کی خبر بن رہا ہے ۔

(6

خبر جملہ فعلیہ:

فَأُوْلَٰٓئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَٰلُهُمْ فِي ٱلدُّنْيَا وَ ٱلْأٓخِرَةِ (البقرة:217)

مُبتدا ، خبر فعل + فاعل + مُتعلق فعل = جُملہ اسمیہ

- مبتدا أُوْلَٰٓئِكَ ،اسم اشارہ ، مبنی، محلاً مرفوع۔
- خبر جُملہ فعلیہ "حَبِطَتْ أَعْمَٰلُهُمْ " • حَبِطَتْ فعل ماضی ، • فاعل أَعْمَٰلُ ، مُضاف
- هُمْ ضمیر مُتّصل رابط عائد لمبتدا اول أُوْلَٰٓئِكَ، مبنی ، مُضاف الیہ ،محلاً مجرُور ،
- مُتعلق فعل مُرکب جاری + مُرکب عطفی۔ "فِي ٱلدُّنْيَا وَ ٱلْأٓخِرَةِ"
- مُرکب جاری فِي ٱلدُّنْيَا
- مُرکب عطفی "ٱلدُّنْيَا وَ ٱلْأٓخِرَةِ "
- معطُوف علیہ ٱلدُّنْيَا ، حرف عطف وَ ، معطُوف ٱلْأٓخِرَةِ،
- خبر "جملہ فعلیہ"حَبِطَتْ أَعْمَٰلُهُمْ فِي ٱلدُّنْيَا وَٱلْأٓخِرَةِ " مُبتدا "أُوْلَٰٓئِكَ"کی خبر بن رہا ہے ۔

7)

خبر جملہ فعلیہ:

الَّذِينَ هُمْ فِي خَوْضٍ يَلْعَبُونَ (الطور:12)

- مُبتدا + مُتعلق فعل فعل + فاعل = جُملہ اسمیہ
- الَّذِينَ،اسم موصول،معرفہ محلاً مرفوع۔صفت للمکذبین
- مُبتدا هُمْ ،ضمیر مُنفصل رابط عائد ظاهر ،مبنی ،محلاً مرفوع
- خبر يَلْعَبُونَ ، فاعل ضمیر واو الجمع ،مرفوع بالواؤ ، اعراب بالحروف
- مُتعلق فعل ، فِي خَوْضٍ، جار و مجرُور ،مُرکب جاری
- خبر"جملہ فعلیہ"فِي خَوْضٍ يَلْعَبُونَ "- مُبتدا "هُمْ"کی خبر بن رہا ہے-

8)

خبر جملہ فعلیہ:

كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ آتَتْ أُكُلَهَا (الکهف: 33)

مُبتدا + فعل، فاعل ، مفعول = جملہ اسمیہ

- مُبتدا كِلْتَا, مرفوع بالألف، مُضاف ، الْجَنَّتَيْنِ ، مُضاف الیہ مجرُور بالیاء ، مُرکب اضافی
- خبر جملہ فعلیہ آتَتْ أُكُلَهَا ، فعل ماضی ، آتَتْ
- فاعل ھی ضمیر مُستتر مُقدّر رابط عائد لمُبتدا كِلْتَا ، مبنی ،محلاً مرفوع
- مُتعلق فعل ، أُكُلَهَا

" أُكُلَ "مفعول بہ منصوب + مُضاف , هَا ضمیر مُتّصل ،مُضاف الیہ محلاً مجرُور ، مُرکب اضافی

- خبر "جملہ فعلیہ"آتَتْ أُكُلَهَا" مُبتدا "كِلْتَا"کی خبر بن رہا ہے -

DAR UL IMAAN INSTITUTE

Dar ul Imaan INSTITUTE

9)

خبر جملہ فعلیہ:

وَ تِلْكَ الْقُرَىٰ أَهْلَكْنَاهُمْ (الکہف:59)

مُبتدا + فعل، فاعل ، مفعُول بہ = جملہ اسمیہ

- مُبتدا تِلْكَ ، اسم اشارہ بعید ، مبنی ، محلاً مرفوع۔
- بدل یا عطف بیان یا صفت "الْقُرَىٰ" • خبر جُملہ فعلیہ ،أَهْلَكْنَاهُمْ ، لمُبتدا تِلْكَ
- أَهْلَكَ فعل ماضی مزید رباعی
- فاعل نا "نَا الفاعلين " ضمیر مُتصل محلاً مرفوع
- هُمْ ضمیر مُتصل مبنی، محلاً منصوب، مفعول بہ ،
- خبر "جملہ فعلیہ"أَهْلَكْنَاهُمْ "مُبتدا "تِلْكَ" کی خبر بن رہا ہے -

10)

خبر مفرد:

هَٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوا فِي رَبِّهِمْ (الحج :19)

مُبتدا + خبر + مُتعلق خبر = جُملہ اسمیہ

- مُبتدا هَٰذَانِ ، اسم اشارہ قریب تثنیہ ، مرفُوع بالألف
- خبر مُفرد "خَصْمَانِ " تثنیہ مرفُوع بالألف, موصوف
- مُتعلق خبر "اخْتَصَمُوا فِي رَبِّهِمْ"

صفت اخْتَصَمُوا ، وا "وَاوُ الجَماعة" ضمیر مُتصل مبني فاعل ،

محلاً مرفوع ، صفت خصمان۔

جار و مُجرور "فِي رَبِّهِمْ" "فِي رَبِّ" مُرکب جاری

رَبِّهِمْ ، رَبِّ مُضاف ، هِمْ مُضاف الیہ ، مُرکب اضافی

- خبر مُفرد ،ضمیر رابط عائد کی ضرورت نہیں -
- خبر مُفرد "خَصْمَان" مُبتدا "هَٰذَانِ "کی خبر بن رہا ہے

(11

خبر مفرد:

اَلصَّالِحَاتُ قَانِتَاتٌ حَافِظَاتٌ (النساء: 34)

- مُبتدا + خبر اوّل + خبر ثان = جُملہ اسمیہ
- مُبتدا الصَّالِحَاتُ ,جمع مؤنث سالم, مرفوع
- خبر مُفرد اوّل قَانِتَاتٌ ،نکرۃ ، مرفوع ،
- خبر ثان حَافِظَاتٌ ، نکرۃ ، مرفوع ،
- موصوف قَانِتَاتٌ ،صفت حَافِظَاتٌ ، مُرکب توصیفی
- ضمیر رابط عائد کی ضرورت نہیں ۔
- خبر مُفرد "قَانِتَاتٌ ، حَافِظَاتٌ " مُبتدا " الصَّالِحَاتُ" کی خبر بن رہا ہے

(12

خبر مفرد:

وَ اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ (آل عمران: 139)

مُبتدا + خبر + = جُملہ اسمیہ

- مُبتدا اَنْتُمْ، ضمیر مُنفصل ، مبنی ، محلاً مرفوع
- خبر مُفرد " الْاَعْلَوْنَ" ، جمع مُذکر سالم ،معرفہ، مرفوع بالواو
- ضمیر رابط عائد کی ضرورت نہیں ۔
- خبر مُفرد "الْاَعْلَوْنَ" ، مُبتدا "اَنْتُمْ" کی خبر بن رہا ہے۔

2) درج ذیل جُملوں کا ترجمہ کیجیئے؟

1) هَٰذَانِ الْخَصْمَانِ اخْتَصَمُوا فِي رَبِّهِمْ -

2) هَٰذَا النَّذِيرُ مِنَ النُّذُرِ الْأُولَىٰ -

3) پڑھائے گے دُروس کی روشنی میں درج ذیل سوالات کا جواب ذہن نشین کیجئے؟

1) ضمائر کی کتنی اقسام ہیں نام بتایئے؟

2) ضمائر بارز کی اقسام اور استعمال بتایئے؟

3) ضمائر مستتر کی اقسام اور استعمال بتایئے؟

4) ضمائر بارز اور ضمائر مُستتر کے معنی اور فرق بتایئے؟

5) ضمائر مُنفصل کے اعراب کی کتنی اقسام ہیں نام بتایئے؟

6) ضمائر مُنفصل مرفوع "اور ضمائر مُنفصل منصوب "کا فرق اور استعمال بتائیں؟

7) ضمیر رابط عائد کے معنی اور استعمال بتائیں؟

8) فعل کی اقسام اور انکے اعراب بتایئے؟

9) ضمائر مُتّصل مَرفُوع کا مجموعہ بتایئے؟

10) ضمائر مُتّصل منصُوب و مجُرور کا مجموعہ بتایئے؟

11) ضمائر مُتّصِل مَرفُوع اور ضمائر مُتّصِل منصوب و مَجرُور کا فرق اور استعمال بتائیں؟

12) ضمائر مُنفصل مرفوع اور ضمائر مُنفصل منصوب کا فرق اور استعمال بتائیں؟

13) ضمائر مُتّصل منصوب اور ضمائر مُتّصل مجرور کا فرق اور استعمال بتائیں؟

14) ضمائر مُنفصل اور ضمائر مُتَّصِل کی کتنی اقسام ہیں؟

15) ضمائر مُتّصل کے اعراب کی کتنی اقسام ہیں نام بتایئے

16) فاعل اسم ظاہر اور فاعل اسم ضمیر کا فرق اور استعمال بتائیں؟

17) فاعل کی کتنی اقسام ہیں؟ نام بتایئے؟

18) فاعِل اور مفعُول کے اعراب بتایئے؟

19) جملہ فعلیہ میں فاعل اسم ظاہر موجود نہ تو کیا کریں؟

20) فعل میں سب سے بنیادی صیغہ کونسا ہوتا ہے؟

21) فعل ماضی کی تین اعرابی حالتوں کے نام بتایئے؟

22) اَسمائے خمسة کے نام اور انہیں اعراب دینے کا طریقہ بتایئے؟

23) فعل ماضی کے کتنے صیغوں میں ضمیر بَارِزَۃ اور ضمیر مُسْتَتِرہ استعمال کی جاتی ہے؟

24) تائے مُتحرّکہ اور تائے تانیث کا فرق بتایئے؟

25) فعل ماضی میں نُون نِسواں کی تعداد کتنی ہے؟

26) فعل مضارع کس سے بنایا جاتا ہے نیز علامت مضارع کے نام بتایئے؟

27) اس ضمیر کا نام بتایئے جو دونوں مجموعوں تَوَانَیْنَا اور نَاهَیْکَ میں موجود ہے؟

28) مجموعہ تَوَانَیْنَا اور مجموعہ نَاهَیْک کی ضمائر کا فرق بتایئے؟

29) فعل ماضی مَعروف / مَعلوم کی گردان سنائیں؟

DARULIMAAN INSTITUTE

30) ضمیر مُنفَصِل مرفُوع سنائیں؟

31) ضمیر مُنفَصِل منصُوب سنائیں؟

32) ضمیر مُتَّصِل منصُوب و مجرُور سُنائیں؟

DARULIMAAN INSTITUTE